# آزاد جموں وکشمیر انٹرمیڈیٹ وثانوی تعلیمی بورڈ میرپور

## پریس ریلیز:

جملہ اساتذہ کرام شعبہ سکولز/ ہائیر سکینڈری سکولز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تحریری امتحان ثانوی سکینڈ اینول **2025**ء ماہ ستمبر **2025**ء میں شروع ہونا متوقع ہے۔ امتحانی ڈیوٹی دینے کے خواہشمند معزز اساتذہ کرام (مرد و خواتین) آن لائن فیڈنگ کے لئے **AJKBISE** کی ویب سائٹ **examduty ajkboard.net** پر جا کر رجسٹریشن/اپلائی کریں۔ درج ذیل نکات قابل توجہ ہیں۔

| نمبر شمار | ڈیوٹی | اہلیت |
|---|---|---|
| 1 | **ناظم مرکز** | محکمہ تعلیم کے اساتذہ کرام پرنسپل، سینئر صدر معلمین/ معلمات، صدر معلم/ صدر معلمہ، سینئر معلمین/ معلمات/ ماہرین مضامین ہائیر سیکنڈری سکولز/ ہائی سکولز/ صدر معلم/ معلمہ مڈل سکول جنہوں نے پہلے بطور ناظم/ نائب ناظم کم از کم ایک سال کام کیا ہو، کو ترجیح دی جائے گی۔ |
| 2 | **نائب ناظم/ ایڈیشنل نائب ناظم** | محکمہ تعلیم کے اساتذہ کرام ماہرین مضامین، سینئر معلمین/ معلمات، سینئر ایلیمنٹری معلمین/ معلمات ہائیر سیکنڈری سکولز/ ہائی سکولز/ صدر معلم/ معلمہ مڈل سکول جنہوں نے پہلے بطور نائب ناظم کم از کم ایک سال کام کیا ہو، کو ترجیح دی جائے گی۔ |
| 3 | **نگران** | محکمہ تعلیم کے اساتذہ کرام ایلیمنٹری ٹیچر، ہیڈ/ سینئر/ جونیئر کلرک جنہوں نے پہلے بطور نگران کم از کم ایک سال کام کیا ہو، کو ترجیح دی جائے گی۔ |
| 4 | - | اگر پہلے سے رجسٹرڈ نہیں ہیں تو رجسٹریشن فارم پر جا کر ڈیوٹی کوائف فیڈ کریں۔ |
| 5 | - | اگر پہلے سے رجسٹرڈ ہیں تو اپلائی فارم پر جا کر اپنے شناختی کارڈ نمبر کے ذریعے **Login** کریں اور چوائسز میں جا کر کوئی سے تین امتحانی مراکز سلیکٹ کریں۔ نیز اپنا ڈیٹا اپ ڈیٹ کریں۔ |
| 6 | - | بصورت تبادلہ اپنے ادارہ کے ایڈریس، فون نمبر وغیرہ میں کوئی تبدیلی کرنی ہو تو بھی یہاں سے کی جا سکتی ہے۔ |
| 7 | - | آن لائن اپلائی کرنے کے بعد درخواست فارم ڈاؤن لوڈ / پرنٹ یعنی ہارڈ کاپی بعد از تصدیق سربراہ ادارہ / مجاز اتھارٹی مورخہ **08-09-2025** تک بہر صورت زیر دستخطی کو بذریعہ ڈاک ارسال کریں۔ |
| 8 | - | جملہ تعیناتیاں صرف متذکرہ امتحان کے لیے اور بورڈ رولز کے مطابق ہوں گی۔ |
| 9 | - | معاوضہ جات بورڈ قواعد کے مطابق ادا کیے جائیں گے۔ |

**نوٹ:** سربراہ ادارہ کے تصدیق شدہ آن لائن فارم کی ہارڈ کاپی ارسال کرنے والے اساتذہ میں سے مطابق مراکز انتخاب عمل میں لایا جائے گا۔۔

13/8/25

(محمد مسعود چوہدری)

**کنٹرولر امتحانات سکولز**

**05827-960004**

نمبر: بورڈ/ثانوی/ 10551-71 ، مورخہ: 13-8-25

**نقل بالا بخدمت:**

**1**۔ پرائیویٹ سیکریٹری ہمراہ جناب چیئرمین بورڈ۔ **2**۔ محترمہ سیکرٹری بورڈ۔ **3**۔ جملہ آفیسران/ انچارج صاحبان بورڈ ہذا/ علاقائی دفاتر مظفر آباد/ راولاکوٹ۔

**4**۔ ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر صاحب میرپور برائے اشاعت بطور خبر۔

**5**۔ سسٹم انالسٹ صاحبہ شعبہ کمپیوٹر بورڈ ہذا بغرض **Upload** بطور خبر۔

**6**۔ پروگرام منیجر صاحب بورڈ ہذا۔

**7**۔ ڈیٹا سپر وائزر شعبہ کمپیوٹر بغرض ترسیل خبر بذریعہ ای میل۔

**8**۔ صدر صاحب کشمیر پریس کلب میرپور/ مظفر آباد/ پونچھ۔

**9**۔ معزز نمائندگان روزنامہ نوائے وقت/ جنگ/ اوصاف/ خبریں/ پاکستان/ جناح/ صدائے چنار/ آوازہ/ ایکسپریس/ شاہین/ جذبہ/ عدالت بغرض اشاعت بطور خبر۔

**10**۔ نمائندہ صاحب پی ٹی وی/ نیوز ایجنسی اے پی پی ساجد پلازہ میرپور بطور خبر۔

**11**۔ آفس ریکارڈ/ مسل متعلقہ/ نوٹس بورڈ۔